نہم لاہور بورڈ 2013

مطالعہ پاکستان (لازمی) (نیو سکیم) پرچہ: I (انشائیہ طرز)

وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ (دوسرا گروپ) کل نمبر: 40

(حصہ اوّل)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) قائداعظمؒ نے قومیت کے بارے میں کیا فرمایا؟

(ii) برصغیر کے تاریخی تناظر میں دو قومی نظریے سے کیا مراد ہے؟

(iii) ڈاکٹر جارج براس کے مطابق نظریہ کی تعریف کیجیے۔

(iv) 21 مارچ 1948ء میں قائداعظمؒ نے ڈھاکہ میں عوام سے کیا فرمایا؟

(v) ویول پلان کے کوئی سے دو نکات تحریر کیجیے۔

(vi) رولٹ ایکٹ 1919ء پر قائداعظمؒ کا مؤقف بیان کیجیے۔

(vii) ایسٹ انڈیا کمپنی کا خاتمہ کب اور کیوں ہوا؟

(viii) سطح مرتفع پوٹھوار کہاں واقع ہے؟

(ix) پاکستان کے کوئی سے چار قدرتی خطوں کے نام لکھیے۔

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) ٹوبا کاکڑ کا پہاڑی سلسلہ کہاں واقع ہے؟

(ii) کن ریاستوں نے فوری طور پر پاکستان یا بھارت میں شامل ہونے کا فیصلہ نہ کیا؟

(iii) قائداعظمؒ نے ہوائی کمپنی سے کیا معاہدہ کیا؟

(iv) بی ڈی ممبران کا فرض کیا تھا؟

(v) قیام پاکستان کے بعد پاکستان کی انتظامی مشکلات کا تذکرہ کیجیے۔

(vi) پاکستان کی پہلی آئین ساز اسمبلی کی تشکیل کیسے ہوئی؟

(vii) 1965ء کی جنگ میں پاکستانی بحریہ کا کیا کردار تھا؟

(viii) برصغیر کی تقسیم کے بعد فوجی اثاثوں کی تقسیم کے بارے میں لکھیے۔

(ix) واحد شہریت سے کیا مراد ہے؟

www.ilmkidunya.com

(حصہ دوم)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جوابات لکھیے۔

-4 ان اسلامی اقدار کا جائزہ لیجیے جو نظریہ پاکستان کی اساس ہیں۔ 8

-5 قرارداد پاکستان کا پس منظر، بنیادی نکات اور ہندوؤں کا اس قرارداد کی منظوری پر ردعمل بیان کیجیے۔ 8

-6 (الف) آب و ہوا کے لحاظ سے پاکستان کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟ کسی ایک حصہ کا حال لکھیے۔ 4

(ب) 1962ء کے آئین کی اسلامی دفعات بیان کیجیے۔ 4